ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

PCB.COM.PK

پی سی بی لیول 2 کوچنگ کورس نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں اختتام پذیر ہو گیا

- چھ ٹیسٹ کرکٹرز اور تین انٹرنیشنل کرکٹرز سمیت 30 شرکا نے چھ روزہ کورس میں حصہ لیا

لاہور، 20 جنوری 2025ء:

چھ روزہ پی سی بی لیول-2 کوچنگ کورس اتوار 19 جنوری کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں اختتام پذیر ہوا۔

30 شرکاء گہری کوچنگ کی تعلیم، مہارت کی تشخیص، تھیوری ٹیسٹ، ویڈیو تجزیہ ٹیسٹ اور ون آن ون اسیسمنٹ سمیت مختلف ٹیسٹوں سے گزرے۔

پی سی بی لیول-2 کوچنگ کورس میں ان کورس اور پوسٹ کورس دونوں طرح کی ٹیسٹنگ شامل ہیں۔ شرکاء کو کورس کے بعد مختلف اسائنمنٹس دیے گئے ہیں، جنہیں کورس کے اختتام کے چھ ماہ کے اندر جمع کرانا ضروری ہے۔ کامیاب امیدواروں کو لیول 2 کوچنگ سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

ٹیسٹ کرکٹرز میں اظہر علی (97 ٹیسٹ، 53 ون ڈے)، بلاول بھٹی (2 ٹیسٹ، 10 ون ڈے، 9 ٹی ٹوئنٹی) نوید لطیف (ایک ٹیسٹ، 11 ون ڈے)، شاداب خان (6 ٹیسٹ، 70 ون ڈے، 104 ٹی ٹوئنٹی) وہاب ریاض (27 ٹیسٹ، 91 ون ڈے، 36 ٹی ٹوئنٹی) اور یاسر شاہ (48 ٹیسٹ، 25 ون ڈے، 2 ٹی ٹوئنٹی) اس چھ روزہ کورس میں حصہ لے رہے ہیں جبکہ پاکستان کے انٹرنیشنل کھلاڑی اسد علی (4 ون ڈے، 2 ٹی

ٹوئنٹی) محمد کامران حسین (2 ون ڈے) اور پاکستان ویمنز ٹیم کی سابق کپتان بسمہ معروف (136 ون ڈے، 140 ٹی ٹوئنٹی) بھی اس کورس کے شرکا میں شامل ہیں۔

کورس میں حصہ لینے والوں کو ایڈوانس کوچنگ کی مہارتیں سکھائی گئیں جس میں پاور ہٹنگ، جدید تکنیک اور کھیل کے ٹیکٹیکل پہلو شامل ہیں۔ اس کورس میں کمیونیکیشن اسکلز پر بھی کام کیا گیا۔

کورس کے انسٹرکٹرز میں سابق ٹیسٹ کرکٹر ثقلین مشتاق اور سابق انٹرنیشنل کرکٹر ڈاکٹر عمران عباس کے ساتھ این سی اے کے کوچز عبدالمجید، افتخار احمد، محتشم رشید، راحت عباس اسدی اور صبور احمد شامل تھے۔

کورس کے شرکاء:

عبدالناصر، آفاق رحیم، اخلاق احمد، علی منظور، اسد علی، اظہر علی، بادشاہ حسین، بلاول بھٹی، بسمہ معروف، فہد الحق، گلریز صدف، حماد الحسن، عمران، عرفان انور، کاشف پرویز، خالد عثمان محمد آصف حسین، محمد کامران حسین، نوید احمد، نوید لطیف، پرویز اقبال، رمیز احمد، سجاد احمد، شاداب خان، سید علی رضا نقوی، سید حشمت علی شاہ، تیمور خان، عمید آصف، وہاب ریاض اور یاسر شاہ۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial